© rasailojaraid.com

# الشریعہ اکادمی گوجرانوالہ

## اغراض ومقاصد اور سرگرمیاں

الشریعہ اکادمی گوجرانوالہ ۱۹۸۹ء سے اسلام کی دعوت وتبلیغ، اسلام مخالف لابیوں کی نشان دہی اور ان کی سرگرمیوں کے تعاقب، اسلامی احکام وقوانین پر کیے جانے والے اعتراضات وشبہات کے ازالہ، دینی حلقوں میں باہمی رابطہ ومشاورت کے فروغ اور نوجوان نسل کی فکری وعلمی تربیت وراہ نمائی کے لیے مصروف کار ہے۔ مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ کے خطیب اور مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کے صدر مدرس مولانا زاہدالراشدی اکیڈمی کے ڈائریکٹر ہیں جبکہ حافظ محمد عمار خان ناصر (ایم اے انگلش پنجاب یونیورسٹی، مدرس مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ) ڈپٹی ڈائریکٹر اور حافظ محمد یوسف (فاضل مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ) ناظم کے طور پر ان کی معاونت کرتے ہیں۔

گزشتہ چار سال سے جی ٹی روڈ گوجرانوالہ پر کنگنی والا بائی پاس کے قریب سرتاج فین کے عقب میں ہاشمی کالونی میں ایک کنال زمین پر الشریعہ اکادمی کی تین منزلہ عمارت زیر تعمیر ہے جس کا کچھ حصہ مکمل ہونے پر اکادمی کی تعلیمی سرگرمیاں دو سال قبل زیر تعمیر عمارت میں منتقل کر دی گئی ہیں۔

### اکادمی کے زیر اہتمام:

- اکتوبر ۱۹۸۹ء سے علمی وفکری جریدہ ماہنامہ ’’الشریعہ‘‘ پابندی کے ساتھ شائع ہو رہا ہے جس میں ملت اسلامیہ کو درپیش مسائل ومشکلات اور جدید علمی وفکری چیلنجز کے حوالہ سے ممتاز اصحاب قلم کی نگارشات شائع ہوتی ہیں۔
- اکادمی کے ڈائریکٹر مولانا زاہدالراشدی کے حالات حاضرہ کے حوالے سے معلوماتی اور فکر انگیز مضامین ہفتہ میں دو بار روزنامہ اسلام کراچی میں ’’نوائے حق‘‘ کے عنوان سے اور روزنامہ پاکستان لاہور میں ’’نوائے قلم‘‘ کے عنوان سے شائع ہوتے ہیں۔ روزنامہ پاکستان میں شائع ہونے والے مضامین www.dailypak.com پر کالم کے سیکشن میں پڑھے جا سکتے ہیں۔
- ۲۰۰۲ء میں اردو زبان میں اسلامی ویب سائٹ www.al-sharia.org لانچ کی گئی ہے جس پر ماہنامہ ’’الشریعہ‘‘ کے علاوہ مختلف اہم عنوانات پر منتخب مقالات ومضامین ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں۔
- اکادمی کی زیر تعمیر مسجد میں پانچ وقت نماز باجماعت اور مقامی بچوں اور بچیوں کے لیے ناظرہ قرآن کریم کی کلاسیں باقاعدگی سے جاری ہیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

O مقامی طلبہ وطالبات کے لیے عربی گریمر کے ساتھ ترجمہ قرآن کریم اور ضروریات دین کے تعارف پر مبنی تین کلاسیں چل رہی ہیں۔

O دینی مدارس کے طلبہ کے لیے انگریزی زبان اور کمپیوٹر ٹریننگ کے تین تین ماہ کے چار کورس اب تک ہو چکے ہیں اور ہر سال کم از کم دو کورس ہوتے ہیں۔

O ۲۰۰۳ء میں دینی مدارس کے فضلا کے لیے ایک سالہ خصوصی تربیتی کورس کا اہتمام کیا گیا جس میں انہیں بین الاقوامی قوانین کا اسلامی احکام سے تقابلی مطالعہ، نفسیات، معاشیات، اور سیاسیات کا تعارفی مطالعہ، تقابل ادیان ومذاہب، تاریخ، عربی وانگریزی زبانیں، کمپیوٹر ٹریننگ اور مضمون نویسی کی تربیت کے علاوہ امام ولی اللہ دہلوی کی حجۃ اللہ البالغہ کے منتخب ابواب پڑھائے جاتے ہیں۔ اس سال پانچ فضلا نے سال بھر اکادمی میں قیام کر کے اس کورس کی تکمیل کی ہے۔ کورس کے شرکا سے کوئی فیس نہیں لی جاتی اور ان کے قیام وطعام اور تعلیمی اخراجات کی کفالت اکادمی کرتی ہے۔

O دینی مدارس اور سکول وکالج کے اساتذہ کے لیے ۱۶۔ستمبر سے ۲۵۔اکتوبر تک جدید عربی بول چال کے چالیس روزہ خصوصی کورس کا اہتمام کیا گیا۔

O مقامی آبادی کو علاج معالجہ کی سہولت فراہم کرنے کے لیے ''الشریعہ فری ڈسپنسری'' قائم ہے جو روزانہ شام کے اوقات میں مریضوں کی خدمت انجام دیتی ہے۔

O ای میل کے ذریعے سے کسی دینی وعلمی فکری مسئلہ کے حوالے سے افہام وتفہیم کے لیے الشریعہ اکادمی سے رابطہ کیا جا سکتا ہے مگر مناظرانہ اسلوب اور بحث برائے بحث سے مکمل گریز کی درخواست ہے۔

## آئندہ تعلیمی سال کے پروگرام

O دسمبر ۲۰۰۳ء میں اکادمی میں دینی مدارس کے اساتذہ کے لیے ایک مشاورتی وتربیتی ورک شاپ کا اہتمام کیا جا رہا ہے جس میں دینی مدارس میں طریقہ تدریس وتعلیم اور طلبہ کی فکری وذہنی تربیت کے حوالہ سے ضروری امور کا جائزہ لیا جائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

O سال ۲۰۰۴ء کے لیے خصوصی تربیتی کورس کا آغاز جنوری سے ہوگا جبکہ داخلے کی درخواستیں دسمبر میں وصول کی جائیں گی۔

O انٹرنیٹ پر Pal Talk پروگرام کے تحت (www.paltalk.com) تقاریر، خطبات اور لیکچرز کی براہ راست نشریات کا اہتمام کر لیا گیا ہے اور رمضان المبارک کے بعد پہلے مرحلہ میں ماہانہ فکری وعلمی نشست کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

O آئندہ سال کے دوران میں ضروری دینی وتعلیمات پر مشتمل انٹرنیٹ کورس زیر ترتیب ہے۔ انتظامات مکمل ہونے پر اس کا آغاز کر دیا جائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ



© rasailojaraid.com